پڑھنے کا معیار ۱

بھیما گدھا

Author: Kiran Kasturia
Illustrator: Shweta Mohapatra
Translator: Anis Azmi

رامودھوبی کے پاس بھیما نام کا ایک گدھا ہے۔ بھیما کو صبح صحیح وقت پر جاگنے میں پریشانی ہوتی ہے، اس بات کے لیے بے
چارے بھیما کو اکثر ڈانٹ بھی کھانی پڑتی ہے۔

ایک دن اس کی پڑوسن گائے 'گوری' نے اس سے پوچھا کہ وہ اتنا پریشان کیوں نظر آرہا ہے۔ "مجھ سے صحیح وقت پر اٹھا نہیں جاتا۔ کیا تم مجھے صبح صبح جگادیا کروگی؟" بھیما نے پوچھا۔ "ہاں" گوری نے کہا۔ اور اگلے دن گوری زور سے رمبھائی لیکن بھیما نہیں جاگا۔

بھیما ندی کے کنارے سے لوٹتے ہوئے ایک کتّے موتی سے ملا۔ "موتی مجھے گہری نیند سے اٹھا نہیں جاتا۔ کیا تم مجھے جگا دیا کروگے؟"
بھیما نے بے صبری سے پوچھا۔
"ہاں ضرور" موتی نے کہا اور اگلے دن وہ زور زور سے بھونکا لیکن کیا بھیما جاگا؟ نہیں وہ تو چین کی نیند سوتا رہا۔

اُسی شام بھیما چینو نامی ایک مرغ سے ملا۔ "چینو تم ایک مرغ ہو اور جب تم بانگ دیتے ہو تو سبھی جاگ جاتے ہیں۔ کیا تم مجھے جگادوگے؟ پلیز!" بھیما گڑگڑایا۔

"ضرور" چینو نے کہا اور اگلی صبح کئی دفعہ زور زور سے چینو نے بانگ لگائی لیکن بھیما نہیں جاگا۔

ایک دن بھیما نے کوّے کو کائیں کائیں کرتے ہوئے سنا۔ "بھائی کوّے کیا تم مجھے کل صبح صبح جگا دو گے؟" بھیما نے پیار سے پوچھا۔ "ہاں ضرور" کوّا بولا اور اگلی صبح زور زور سے کائیں کائیں کی لیکن جیسا کہ آپ جانتے ہیں بھیما نہیں جاگ سکا۔

بھیما کی سمجھ میں کچھ نہیں آرہا تھا کہ وہ کیا کرے۔ وہ بہت دُکھی تھا۔ اگلی صبح ایک مکھّی آکر اس کی ناک پر بیٹھ گئی۔

"آ....چھیں!" بھیما جھٹ سے اُٹھ بیٹھا۔ "ارے میں کیسے جاگ گیا؟"
"میں نے تمہیں جگایا ہے" اس کے سر پر بیٹھی مکھّی بولی۔ "سچ مچ؟ کیا تم مجھے روز جگا دیا کروگی؟ پلیز!"
"ٹھیک ہے" مکھّی نے کہا۔ بھیما خوشی سے مسکرایا۔ اب پریشانی کی کوئی بات نہیں تھی۔

Story Attribution:

This story: بھیما گدھا is translated by Anis Azmi . The © for this translation lies with Pratham Books, 2013. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Derived from: 'Bheema, the Sleepyhead', by Rajesh Khar . © Pratham Books , 2012. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Based on Original story: 'भीमा गधा', by Kiran Kasturia . © Pratham Books , 2012. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. This story may have intermediate versions between the root and parent story. To see all versions, please visit the links.

Other Credits:

'Bheema Gadha' has been published on StoryWeaver by Pratham Books. The development of this book has been supported by Parag (Promoting Innovative Publishing in Education), an initiative of Tata Trusts. www.prathambooks.org

Images Attributions:

Cover page: Fly on a donkey's head, by Shweta Mohapatra © Pratham Books, 2011. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 2: Sleepy donkey , by Shweta Mohapatra © Pratham Books, 2011. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 3: Cow looking at donkey sleeping, by Shweta Mohapatra © Pratham Books, 2011. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 4: Donkey and dog, by Shweta Mohapatra © Pratham Books, 2011. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 5: Rooster crowing and donkey sleeping, by Shweta Mohapatra © Pratham Books, 2011. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 6: Crow sitting on donkey's back, by Shweta Mohapatra © Pratham Books, 2011. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 7: Fly on donkey's nose, by Shweta Mohapatra © Pratham Books, 2011. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 8: Fly sitting on donkey's head, by Shweta Mohapatra © Pratham Books, 2011. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license.

بھیما گدھا
(Urdu)

بھیما کو ہم سب کی طرح صبح وقت پر اُٹھنے میں پریشانی ہوتی ہے۔ ایک 'چھوٹا' دوست اس کی مدد کرتا ہے۔ کیا تم جاننا چاہو گے کیسے؟

This is a Level 1 book for children who are eager to begin reading.

Pratham Books goes digital to weave a whole new chapter in the realm of multilingual children's stories. Knitting together children, authors, illustrators and publishers. Folding in teachers, and translators. To create a rich fabric of openly licensed multilingual stories for the children of India and the world. Our unique online platform, StoryWeaver, is a playground where children, parents, teachers and librarians can get creative. Come, start weaving today, and help us get a book in every child's hand!